**29.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .................. کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیا کی صورتحال سے بھارت کی توانائی کی ضروریات کیلئے بڑے چیلنج والی کیفیت پیدا ہوگئی ہے۔ ساتھ ہی انہوں نے یہ اعتماد ظاہر کیا کہ ملک اِس پر عبور حاصل کرلے گا۔

☆ آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں وزیرِ اعظم نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ افواہوں سے گمراہ نہ ہوں اور سرکار کی مصدقہ جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔

☆ جناب مودی نے ایک کروڑ سے زیادہ بھارتی شہریوں کی ہر طرح سے مدد کیلئے خلیج کے ملکوں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا۔

☆ اسرائیل نے تہران میں اہم فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا ہے، جبکہ ایران نے خلیج کے ملکوں میں میزائل اور ڈرون حملے کئے ہیں۔ امریکہ نے اپنے ساڑھے تین ہزار میرین فوجیوں کے مغربی ایشیا پہنچنے کا اعلان کیا ہے۔

☆ وزیرِ اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی کیرالم اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں آج Palakkad میں ایک چناؤ ریلی کریں گے، جبکہ Thrissur میں ایک روڈ شو میں شامل ہوں گے۔

☆ اور IPL کرکٹ میں، آج شام میزبان ممبئی انڈینس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Mann Ki Baat**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی ایشیا کی صورتحال پر یہ کہتے ہوئے تشویش ظاہر کی ہے کہ پیٹرول اور ڈیزل کی سپلائی کے تعلق سے ایک عالمی بحران پیدا ہورہا ہے۔ آکاشوانی پر 'مَن کی بات' پروگرام میں، ملک کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ یہ بڑے چیلنج والا دور ہے کیونکہ بھارت کی توانائی کی ضروریات کیلئے یہ خطہ ایک اہم مرکز ہے۔
وزیرِ اعظم نے کہا کہ بھارت کے مضبوط عالمی تعلقات، مختلف ساجھیدار ملکوں سے ملنے والی حمایت نیز گذشتہ دہائی کے دوران بھارت نے، جو صلاحیت حاصل کی ہے، اُس کی بدولت ملک کو حالات سے نمٹنے میں مدد ملی ہے۔

جناب مودی نے اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بھارت اِس چیلنج پر بھی اُسی طرح عبور حاصل کرلے گا، جیسا کہ اُس نے کووڈ 19 عالمی وباء کے دوران کیا تھا۔

**SB - 1400 - PM MKB West Asia Crisis**

وزیرِ اعظم نے خلیج کے خطے میں رہنے والے ایک کروڑ سے زیادہ بھارتی شہریوں کی مدد کیلئے خلیج کے ملکوں کا شکریہ ادا کیا اور بھارتی شہریوں پر زور دیا کہ وہ چیلنج کی اِس گھڑی میں متحد رہیں۔

**SB - 1400 - MKB Gulf Gratitude**

جناب مودی نے کہا کہ اِس معاملے کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے۔ انہوں نے یہ تنبیہ بھی کی کہ افواہوں سے قومی مفادات کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اِس تناظر میں جناب مودی نے لوگوں کو یہ صلاح دی کہ وہ صرف مصدقہ جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔ وزیرِ اعظم نے سبھی لوگوں سے اپیل کی کہ وہ چوکس رہیں اور افواہوں سے گمراہ نہ ہوں۔

**SB - 1400 - PM Politics Rumours**

اپنے ماہانہ پروگرام میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ''گیان بھارتم سروے'' کو اجاگر کیا، جس کا مقصد عوامی شمولیت کے ذریعے بھارت کے شاندار ثقافتی ورثے کو دستاویزی شکل میں محفوظ کرنا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ مذکورہ پہل کا مقصد ملک بھر کے مخطوطات کے بارے میں جانکاری اکٹھا کرنا ہے۔

وزیرِ اعظم نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی کامیابی اور جموں و کشمیر کی پہلی رَنجی ٹرافی جیت سمیت کھیلوں میں بھارت کی حالیہ کامیابیوں کی ستائش بھی کی اور کہا کہ یہ لگاتار کوشش اور صلاحیت کا نتیجہ ہے۔ جناب مودی نے ٹیم کے کپتان پارَس ڈوگرا کی غیرمعمولی مہارت کا مظاہرہ کرنے پر اُن کی تعریف کی۔

**SB - 1400 - MKB - T20 or J&K Sports**

صحت اور تندرستی پر زور دیتے ہوئے وزیرِ اعظم نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ صحتمند طرزِ زندگی اختیار کریں، کھانے میں شکر اور تیل کا استعمال کم کریں اور یوگ کو اپنائیں۔

وزیرِ اعظم نے تعلیم کے ذریعے اپنی روایات کو محفوظ رکھنے پر ناگا برادری کی بھی ستائش کی اور کہا کہ **Morung** نظام کے تحت برادری کے بزرگ افراد داستانوں، لوک گیتوں اور روایتی طور طریقوں کے ذریعے علم، جانکاری، تاریخ اور زندگی کی ہنرمندی نوجوان نسل تک پہنچاتے ہیں۔

وزیرِ اعظم نے پانی کی بچت کے معاملے پر بھی اظہارِ خیال کیا اور کہا کہ ملک کے کئی حصوں میں موسم گرما کے آغاز کے ساتھ ہی وقت کا تقاضا ہے کہ ہم پانی کی بچت کے تئیں اپنے عہد کا اعادہ کریں۔

**SB - 1415 - MKB Water Harvesting**

**Israel Strike**

اسرائیل نے رات میں وسطی تہران پر اہم فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا، جبکہ ایران متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین پر میزائل اور ڈرون حملے جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسرائیل کی دفاعی افواج نے کہا ہے کہ اُس نے ہتھیار تیار کرنے،

میزائلوں کے ٹھکانوں، فضائی دفاعی نظام اور کمان سینٹر کو نشانہ بناتے ہوئے، ایران کے فوجی بنیادی ڈھانچے پر حملہ کیا ہے۔ کئی کمانڈروں کے مارے جانے کی بھی خبر ہے۔x

**Gulf High Alert**

متحدہ عرب امارات، کویت اور بحرین پر ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں کے تناظر میں مغربی ایشیا کے خطے کے ملکوں میں دفاعی فورسز سخت چوکسی برت رہی ہیں۔ ایران کے دو بڑے اسٹیل پلانٹس پر امریکہ اور اسرائیل کے پہلے کے حملوں کے جواب میں ایران نے خلیج کے ملکوں میں یہ حملے کئے ہیں۔ ایران اب خلیج کے خطے میں اُسی طرح کے صنعتی ٹھکانوں کو نشانہ بنا رہا ہے، جیسا کہ اُس پر حملے کئے گئے ہیں۔

Emirates Global Aluminium نے ابوظہبی میں اپنے پروڈکشن مرکز کو نقصان پہنچنے کی تصدیق کی ہے، جبکہ Aluminium Bahrain نے کہا ہے کہ اُس کے ٹھکانوں پر پاسدارانِ انقلاب کے حملے میں اُس کے دو کارکنوں کو معمولی زخم آئے ہیں۔

امریکی فوج اور Aeronautics کمپنیوں کے ساتھ اُس کے مبینہ رابطوں کا حوالہ دیتے ہوئے، ایران نے یہ حملہ کیا۔

اِدھر یمن کے حوثیوں نے اسرائیل میں اہم اور فوجی ٹھکانوں کے خلاف کئی کروز میزائلوں کا استعمال کرتے ہوئے، دوسری بار حملہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اِس سے مغربی ایشیا لڑائی میں نمایاں تیزی آ گئی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Vinod Kumar**

*یمن کے حوثیوں نے اسرائیل پر دوسرا بڑا میزائل حملہ کیا ہے۔ اِس طرح مغربی ایشیا جنگ میں ایک نیا محاذ کھل گیا ہے۔ حوثی گروپ نے کہا ہے کہ اُس کا یہ موقف بالکل واضح ہے کہ جب تک اسرائیل اپنی فوجی کارروائی جاری رکھے گا، اُس کے حملے بھی ہوتے رہیں گے۔*

*بڑے پیمانے کے دو حملے کرکے حوثیوں نے یہ دکھا دیا ہے کہ دباؤ برقرار رکھنے کیلئے اُن کے پاس صلاحیت اور رینج دونوں موجود ہیں۔ اگرچہ یہ گروپ آزادانہ طور پر کام کرتا ہے لیکن اُس کی سرگرمیاں ایران کے وسیع تر علاقائی مقاصد کے ساتھ ہم آہنگ ہیں۔*

*جغرافیائی اعتبار سے حوثیوں کا اِس میں شامل ہونا، خاص طور پر اہمیت کا حامل ہے کیونکہ بحرِ احمر میں داخل ہونے کے جنوبی راستے پر آبنائے* **Bab el-Mandeb** *کے نزدیک علاقے پر حوثی گروپ کا کنٹرول ہے، جو دنیا کے سب سے اہم جہاز رانی راستوں میں سے ایک ہے۔*

*دوبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں …………*

**US Centcom**

امریکہ کی سینٹرل کمان نے اعلان کیا ہے کہ امریکہ کے جنگی بحری جہاز USS Tripoli پر سوار ہوکر ساڑھے تین

ہزار میرین فوجیوں اور ملاحوں کی ایک ٹاسک فورس مغربی ایشیا کے خطے میں پہنچ گئی ہے۔ ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے تناظر میں امریکہ کی وسیع تر فوجی تیاریوں کا یہ ایک حصہ ہے۔
کئی میڈیا اداروں کے مطابق امریکی محکمۂ دفاع مغربی ایشیا میں 10 ہزار تک اضافی زمینی فوجی تعینات کرنے پر غور کررہا ہے تاکہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ کو مزید فوجی متبادل راستے فراہم کئے جاسکیں۔x

**PM - Kerala Visit**

وزیر اعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی، کیرالم اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں آج Palakkad میں ایک ریلی کریں گے اور Thrissur میں ایک روڈ شو میں حصہ لیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ کیرالم کا ماحول NDA کے حق میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے عوام LDF اور UDF کی خراب حکمرانی بہت دیکھ چکے ہیں۔x

**IPL**

IPL کرکٹ میں آج شام ممبئی میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ اِس ٹورنامنٹ میں دونوں ہی ٹیموں کا یہ پہلا میچ ہے۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ 19 ویں IPL ٹورنامنٹ کے پہلے میچ میں کل رات میزبان رائل چیلنجرز بینگلورو نے سَن رائزرس حیدرآباد کو 6 وکٹ سے ہرا دیا۔x

**PM Madhavpur Mela**

وزیراعظم نریندر مودی نے گجرات کے ضلع پوربندر میں جاری مادھوپور میلہ کیلئے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیراعظم نے کہا کہ یہ شاندار تقریب، ملک کی ثقافتی وراثت کو نمایاں کرتی ہے اور گجرات و شمالی مشرق کے درمیان دائمی ثقافتی بندھن کو مضبوطی فراہم کرتی ہے۔x

**Palm Sunday**

آج ملک کے مختلف حصوں میں Palm Sunday پوری عقیدت کے ساتھ منایا جارہا ہے۔ یہ مقدس ہفتے کے آغاز اور عیسیٰ مسیح کو مصلوب کیے جانے سے قبل، یروشلم میں اُن کے داخل ہونے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اِس موقع پر گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ جلسوں اور جلوسوں کا اہتمام کیا گیا۔ Palm Sunday ایسٹر پروگراموں کے آغاز کی علامت ہے۔ اِس کے بعد، Good Friday اور پھر Easter Sunday منایا جاتا ہے۔x

**Noida Airport Operations**

امید ہے کہ نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے سے کمرشیل پروازیں اگلے ڈیڑھ دو مہینے میں شروع ہوجائیں گی۔ ہوائی اڈے کی افتتاحی تقریب کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ

سکیورٹی پلاننگ اور دیگر انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ایئر لائن آپریٹرس نے دلچسپی کا اظہار کیا ہے اور IndiGo منظوری ملنے کے فوراً بعد اپنی خدمات شروع کرنے کی خواہشمند ہے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا افتتاح کیا تھا۔ یہ اترپردیش کے گوتم بدھ نگر ضلعے میں Jewar کے مقام پر واقع ہے۔ پروجیکٹ کا پہلا مرحلہ تقریباً 11 ہزار 200 کروڑ روپے کی لاگت سے مکمل کیا گیا ہے۔x

**Goyal Cameroon**

کامرس اور صنعتوں کے وزیر پیوش گوئل نے تجارت کی عالمی تنظیم WTO کی 14ویں وزارتی کانفرنس کے موقع پر Cameroon میں بھارتی برادری کے استقبالیے سے خطاب کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب گوئل نے کہا کہ Cameroon میں رہنے والے بھارت نژاد افراد رشتوں کو مضبوط کرتے ہوئے، خیرسگالی کو فروغ دیتے ہوئے اور دونوں ملکوں کو ایک دوسرے کے اور زیادہ قریب لاکر ایک اہم پُل کی مانند کام کررہے ہیں۔ اِس موقع پر وزیرِ موصوف نے دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے وسیع امکانات کو اجاگر کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆